ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 53 | بروز 14 ذیقعدہ 1446ھ 12 مئی 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 314
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL:081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

آپریشن بنیان المرصوص: بلوچستان سمیت ملک بھر میں یوم تشکر، کوئٹہ میں پاک افواج کی حمایت میں ریلیاں

پاکستان کی بہادر افواج نے بھرپور جوابی کارروائی کر کے لمحوں میں بھارت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور اور قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا' گورنر بلوچستان کی ہدایت پر نکالی گئی ریلی سے سید جہانگیر شاہ، زبیر احمد کا خطاب

اب کوئی پاکستان کی جانب میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، بھارت کو اپنی جدید ٹیکنالوجی پر فخر تھا جسے پاک فوج نے خاک میں ملا دیا' جھالاوان عوامی پینل' پیپلز پارٹی ہزارہ ٹاؤن' بلوچستان متحدہ یوتھ موومنٹ

پاک فوج کے حق میں فقہ جعفریہ، صرافہ ایسوسی ایشن کی لیاقت بازار میں ریلی، اندرون بلوچستان سبی، تربت، پنجگور، خضدار، چمن، لورالائی و دیگر شہروں میں ریلیاں، پاک فوج کی جوابی کارروائی پر عوام پرجوش

ملک بھر میں افواج پاکستان کی حمایت میں عوام کے مظاہرے، فوج کے جوانوں پر پھولوں کی پتیاں نچھاور، شہری پرچم لیکر گھروں سے نکل آئے، مٹھائیاں تقسیم، فضا نعرہ تکبیر اللہ اکبر کے نعروں سے گونج اٹھی

کوئٹہ (آن لائن+این این آئی) پاک فوج کے بھارت کے خلاف آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کی ہدایت پر سیاسی و قبائلی رہنما، سید جہانگیر شاہ، میر زبیر احمد کی قیادت میں اتوار کو جی او آر کالونی سے ریلی نکالی گئی جو ایئرپورٹ روڈ سے ہوتی ہوئی بی اے مال کے سامنے جلسے کی شکل اختیار کر گئی ریلی کے شرکا نے بینرز اور پاکستانی جھنڈے اٹھا رکھے تھے ریلی کے شرکاء پاک فوج زندہ باد کے..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) بھارتی جارحیت کا تاریخی اور منہ توڑ جواب دینے پر افواج پاکستان کے ساتھ اظہار یکجہتی اور تشکر کے طور پر ملک بھر کے شہروں میں عوام سڑکوں پر نکل آئے، افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا گیا، سبز ہلالی پرچموں کی بہار نظر آئی اور فلک شگاف نعرے گونجتے رہے۔ شہر شہر گلی گلی افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ریلیوں میں عوام کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔ افواج پاکستان کے جوانوں پر پھولوں..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

جنگ ختم نہیں ہوئی، بھارت سے چوکنا رہنا ہوگا، عبدالباسط

بھارتی حکومت پر اپوزیشن، عوام کا دباؤ ہے جنگ بندی پر آمادہ کیوں ہوئے؟

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق سفیر عبدالباسط نے پاکستان کو بھارت سے چوکنا رہنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی، نجی ٹی وی سے گفتگو میں عبدالباسط نے کہا بھارتی حکومت پر اپوزیشن، عوام کا دباؤ ہے جنگ بندی پر آمادہ کیوں ہوئے؟، اپوزیشن، عوام..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی انٹرنیشنل پاکستان کمپین شپ کی اختتامی تقریب کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

مسئلہ کشمیر حل کرینگے جنگ نہ رکتی تو لاکھوں لوگ مر جاتے، صدر ٹرمپ

پاکستان اور بھارت قدم قیادت پر بہت فخر محسوس کرتا ہوں کیونکہ انہوں نے جان لیا کہ موجودہ جارحیت کو روکنے کا وقت آ گیا ہے، امریکی صدر میں دیکھوں گا کہ کیا مسئلہ کشمیر کا کوئی حل نکالا جا سکتا ہے، اللہ دونوں ممالک کی قیادت کو اس شاندار کام پر برکت دے، ٹرتھ سوشل پر پوسٹ

صدر ٹرمپ کی قیادت میں پاکستان کو مضبوط شراکت دار ملا ہے، شہباز شریف، صدر ٹرمپ کی مسئلہ کشمیر کے حل کی حمایت کا خیر مقدم کرتے ہیں، وزیر خارجہ

واشنگٹن / اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جنوبی ایشیا کی دو ایٹمی طاقتوں کے درمیان جنگ بندی میں اہم کردار ادا کرنے والے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ پاکستان اور بھارت کے ساتھ مل کر دیکھیں گے کہ..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے محافظوں نے دشمن کو سیز فائر پر مجبور کر دیا، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان میں ہمیشہ دشمن کی یہی خواہش رہی ہے کہ کھیلوں کے میدان ویران کریں اور مثبت سرگرمیاں نہ ہوں

صوبے میں کھیلوں کو فروغ دے کر کھلاڑیوں کی بھرپور پذیرائی کی جائے گی، وزیر اعلیٰ کا تقریب سے خطاب

بھارت کے آسرے پر بلوچستان پر جنگ مسلط کرنے والوں کو پھر سوچنا ہوگا وہ کہاں کھڑے ہیں، صحافیوں سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن، این این آئی) زیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کھیلوں کے میدان آباد کرے گی اور بلوچستان کے ٹیلنٹ کو بھرپور انداز سے سپورٹ کرے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر کھلاڑیوں کو پوری..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری فضائیہ اور نیوی کے افسران کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ، جھالاوان عوامی پینل کے زیر اہتمام تشکر افواج پاکستان ریلی ندیم الرحمٰن کی قیادت میں شاہراہ اقبال سے گزر رہی ہے

پاکستانی عوام سیاسی قیادت اور تمام سیاسی جماعتوں کی حمایت سے پاک فوج نے بھارت کے ایئر بیسز سمیت 26 اہم دفاعی تنصیبات کو تباہ کیا، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

جنگ بندی بھارت کی درخواست پر ہوئی، ڈی جی آئی ایس پی آر

پاکستان نے ان اہداف کو نشانہ بنایا جہاں سے ہمارے ملک پر حملے ہو رہے تھے، پوری کوشش تھی سول آبادی کو نقصان نہ پہنچے، بھارت نے مساجد اور بچوں اور خواتین پر حملے کر کے بربریت کا مظاہرہ کیا

بھارت نے ڈرونز کے ذریعے پاکستان کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کی، ہم نے فتح گائیڈڈ میزائل ون اور ٹو کا استعمال کیا، سورت گڑھ، سرسہ، آدم پور، اونتی پورہ، پٹھان کوٹ میں اہداف کو نشانہ بنایا

مسلح افواج وزیر اعظم اور ان کی کابینہ کی قائدانہ صلاحیتوں اور جرت مندانہ فیصلوں کی بھی قدر دان ہیں، جنہوں نے ملک کو اس نازک موڑ پر درست سمت میں رہنمائی فراہم کی، عوام سے کیا وعدہ پورا کر دکھایا

پاک فضائیہ نے بھارتی فضائیہ پر 6 صفر سے برتری حاصل کی، ہماری خودمختاری پر دوبارہ حملہ کیا جائے گا تو بھرپور جواب دیں گے، پاکستان ایئر فورس اور پاک نیوی کے افسران کے ہمراہ پریس کانفرنس

بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیکر پاکستان نے دنیا کو حیران کر دیا، عالمی میڈیا

بھارت کی حکمت عملی ناکام، پاکستان کو فوجی محاذ پر برتری، مودی حکومت کو اربوں خرچ کر کے بھی فائدہ نہ ہوا

رافیل جیسے جدید بھارتی طیاروں کی تباہی بھارت کیلئے تضحیک آمیز شکست ہے، پاک فضائیہ فضاؤں کی حکمران ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ ہم نے بھارتی جارحیت کی صورت میں پاکستان کے عوام کے ساتھ کیا گیا وعدہ پورا کر دکھایا، اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں جس نے ہمیں سرخرو کیا، غیور عوام کا شکریہ جو افواج پاکستان کے شانہ بشانہ رہیں، ہماری تمام ہمدردیاں شہداء کے خاندانوں کے ساتھ ہیں، ..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا بھارت کیخلاف سائبر اٹیک تاریخ کا سب سے بڑا حملہ

دفاعی افواج کی تربیت، نظم و ضبط اور ایمان کی وجہ سے دشمن کی تمام چالیں ناکام ہوگئیں

یورپی ڈیفنس ویب سائٹ نے ایس 400 کی تباہی جنگ کا سب سے بڑا واقعہ قرار دے دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سول و فوجی قیادت کی اعلیٰ ترین سطح پر منظور شدہ محتاط لیکن مربوط فوجی آپریشن کے دوران پاکستان نے ہفتے کے روز علی الصباح فیصلہ کن کارروائی کا آغاز کیا جس کے نتیجے میں بھارت کا جدید ترین دفاعی نظام تباہ ہوگیا، بنائی گئی حکمت عملی کے پیچھے غیر معمولی پلاننگ کے علاوہ قیادت و فوج کے جذبہ ایمانی کا امتزاج شامل..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے شاہینوں نے گاؤ پوجنے والوں پر قہر ڈھا دیا

آج ان آنکھوں نے وہ منظر دیکھا جس نے برسوں کی پیاس بجھا دی

عرب سوشل میڈیا پر پاکستان کے شاہینوں کیلئے عربی زبان میں شاندار کمنٹ

بھارتی جارحیت کیخلاف پاکستان کی بھرپور جوابی کارروائی پر عرب سوشل میڈیا پر ایک شاندار کمنٹ پوسٹ کیا گیا کمنٹ پوسٹ کرنے والے نے اپنے جذبات کا اظہار کچھ اس طرح کیا کہ بہت وقت گزر گیا۔ ان محروم آنکھوں نے ایک ہی منظر بار بار کافروں کو مسلمانوں پر آسمان سے آگ اور لوہا برساتے کبھی عراق کے آسمان شعلوں سے بھر گئی فلسطین کی گلیاں خون سے رنگین ہو گئی افغانستان کے پہاڑ لرزے اور کبھی شام و لبنان کی زمین پر آسمان سے قیامت نازل لیکن آج ان آنکھوں نے وہ منظر دیکھا جس نے برسوں کی پیاس بجھا دی کہ پاکستان کے شاہینوں نے گاؤ پوجنے والوں پر آسمان سے دل کی دھڑکنیں بھر دیں ہوا ایسا سکون دل میں اترا جو..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے بھارت کے ایئر بیسز پر حملے کیلئے ڈرونز استعمال کیے

بھارت کو پاکستان کی تکنیکی صلاحیتوں پر حیرت ہوئی ہوگی' دفاعی تجزیہ کار

بے 10 سی طیارے نے رافیل طیارے کو گرایا ہے تو واقعی حیران کن ہے' مائیکل کلارک

لندن (بیورو رپورٹ) سکیورٹی اور دفاعی تجزیہ کار مائیکل کلارک نے کہا ہے پاکستان نے چائنیز ٹیکنالوجی استعمال کی اگر بے 10 سی طیارے نے رافیل طیارے..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں جنگ بندی خوش آئند ہے، اقوام متحدہ

نیویارک (بیورو رپورٹ) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے پاک بھارت جنگ بندی کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے، انتونیو گوٹریس نے بھارت جنگ..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فضائیہ کی زبردست کارروائی بھارتی طیاروں کی تباہی کے شواہد منظر عام پر آ گئے

6 اور 7 مئی 2025 کی رات پاک فضائیہ، بھارتی طیاروں کے درمیان دونوں ممالک کی تاریخ کا طویل ترین معرکہ

مودی حکومت کے جھوٹ کا پردہ چاک، ثبوتوں میں بھارتی طیاروں کے نمبرز اور تباہ ہونے کی لوکیشنز بھی دکھائی گئیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاک فضائی کی زبردست جوابی کارروائی کے بعد بھارتی طیاروں کی تباہی کے شواہد بھی منظر عام پر آ گئے، ڈی جی آئی ایس پی آر نے 9 مئی 2025 کو جوائنٹ پریس کانفرنس میں بین الاقوامی میڈیا کے سامنے بھارتی جھوٹ کا پردہ چاک کیا، 6 اور 7 مئی 2025 کی رات پاک فضائیہ، بھارتی طیاروں کے درمیان پاک بھارت تاریخ کا طویل معرکہ ہوا، ایک گھنٹے سے زیادہ وقت..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

برطانوی اخبار نے پاک فضائیہ کو فضاؤں کی حکمراں تسلیم کر لیا

پاکستانی طیاروں نے جدید میزائل استعمال کر کے 5 بھارتی جنگی طیارے مار گرائے

رافیل گرا کر پاکستان نے عالمی سطح پر عسکری ماہرین کو حیران کر دیا، بھارت ناکام رہا، خلیجی میڈیا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے پر پاکستان کی عالمی سطح پر پزیرائی ہونے لگی، غیر ملکی اخبار نے پاک فضائیہ کو فضاؤں کی حکمراں قرار دے دیا۔ برطانوی اخبار نے لکھا کہ پاک فضائیہ فضاؤں کی حکمراں ہے، پاکستانی طیاروں نے جدید میزائل استعمال کر کے 5 بھارتی جنگی طیارے مار گرائے، پاکستان نے رافیل جیسے مہنگے بھارتی طیارے..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بھارت جنگ بندی کے باوجود 150 پروازیں منسوخ

پاکستان بھر سے درجنوں پروازیں غیر یقینی صورتحال کا شکار ہیں، ایوی ایشن ذرائع

لاہور (بیورو رپورٹ) پاک بھارت جنگ بندی اور فلائٹ شیڈول بہتر ہونے کے باوجود ملک بھر کی 150 پروازیں منسوخ کر دی گئیں، ایوی ایشن ذرائع..... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ایم صادق کی افغان وزیر داخلہ سے ملاقات، اہم امور پر تبادلہ خیال

پاکستان ہمسایوں کیساتھ باہمی احترام پر مبنی اچھے تعلقات کا خواہاں ہے، نمائندہ خصوصی

کابل (بیورو رپورٹ) سابق سفیر اور پاکستان کے خصوصی نمائندہ برائے افغانستان ایم صادق نے افغانستان کے وزیر داخلہ خلیفہ سراج الدین حقانی سے ملاقات کی، ایم صادق نے کہا پاکستان ہمسایوں کیساتھ باہمی احترام اور تعمیری اشتراک پر مبنی اچھے تعلقات ..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین بھارتی حملے میں شہید عبدالمالک کے کمسن بیٹے کو گلے لگا کر شفقت کا اظہار کر رہے ہیں

مودی حکومت کا جنگ بندی قبول کرتے ہی شرائط سے انحراف

کسی تیسرے غیر جانبدار ملک میں پاک بھارت مذاکرات کی شرط تسلیم کر کے بھارت چند گھنٹوں ہی میں انکاری

پاکستان کی فوجی حکمت عملی اور ایکشن کے تاریخی اثرات سے مودی کا سیاسی مستقبل مخدوش ہو گیا، امریکی اخبار

نیویارک (بیورو رپورٹ) پاکستان کی فوجی حکمت عملی اور ایکشن کے تاریخی اثرات سے مودی کا سیاسی مستقبل مخدوش ہو گیا، پاکستان کی جوابی کارروائیوں سے اپنے مقاصد کے حصول میں شکست خوردگی اور امریکی دباؤ کی شکار مودی حکومت نے..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

جنگ بندی کیلئے جے شنکر، دوول نے امریکہ سے رابطہ کیا، بھارتی میڈیا

ٹرمپ کے سامنے انکشاف کیا گیا پاکستان ایٹمی ہتھیار استعمال کرنیوالا ہے، انڈیا ٹوڈے

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارتی ذرائع ابلاغ نے انکشاف کیا جنگ بندی کیلئے وزیر خارجہ جے شنکر اور مشیر سلامتی اجیت دوول نے امریکہ سے رابطہ کیا، بھارت کی..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر پولیس کی فائرنگ دستی بم پھینکنے والا حملہ آور ہلاک، اہلکار شہید 4 زخمی

مسلح افراد غیر مقامی لوگوں کے رہائشی کوارٹر پر دستی بم پھینک کر فرار ہو رہے تھے پولیس کیساتھ فائرنگ تبادلہ ہوا

ہلاک حملہ آور کی شناخت گوادر کے رہائشی شاہجہان اور زخمی حملہ آور کی شناخت شہزاد کے نام سے ہوگئی، پولیس

گولی لگنے سے اہلکار زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہوگیا، کوارٹر پر حملے کے تین زخمی ہسپتال منتقل کر دیے گئے

گوادر (آن لائن) گوادر میں غیر مقامی افراد کے رہائشی کوارٹر پر دستی بم سے حملہ کرنے والے مسلح افراد پر پولیس کی فائرنگ ایک حملہ آور جان بحق ایک زخمی ہوگیا..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

نور مقدم قتل کیس، ظاہر جعفر کی سزائے موت کیخلاف اپیل سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے نور مقدم قتل کیس سماعت کیلئے مقرر کر دیا، جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کو پاکستان کی طاقت کا غرور خاک میں مل گیا' خواجہ آصف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے مسلح افواج کی جوابی دفاعی کارروائی سے بھارت کی طاقت کا غرور خاک میں مل گیا، نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے..... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی حکمرانوں نے اپنی فوج پر ناقابل برداشت بوجھ ڈالا، عامر ریاض

ملٹری سطح پر پاکستان نے بڑا سرپرائز دیا، بھارت کو سیز فائر کی طرف جانا پڑا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عامر ریاض نے کہا ہے بھارتی سیاسی قیادت نے اپنی افواج پر وہ بوجھ ڈالا جو وہ اٹھانے کے قابل نہیں تھے، پاکستان نے جواب دیا تو بھارت کو سیز فائر کی طرف جانا پڑا، سٹرائیک میں اپنے تمام اہداف حاصل..... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

مذاکرات میں سندھ طاس معاہدے پر بھی بات چیت ہوگی' وفاقی وزیر آبی وسائل

موثر جواب دیکر دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا، پاکستان کو جنگ اور سفارتی میدان میں فتح ملی

نیلم جہلم منصوبے پر حملہ جنگی اخلاقی پستی، جواب ہر فورم پر بھرپور انداز میں دیا جائے گا، ریلی سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر برائے آبی وسائل میاں معین وٹو نے کہا ہے پاکستان نے حالیہ انڈین جارحیت کا نہ صرف دفاع کیا بلکہ موثر جواب دیکر دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بڑی اظہار تشکر ریلی سے خطاب..... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فوج نے دشمن کے عزائم ناکام بنا دیے، عبدالرحمٰن کھیتران

پاکستان ہر سطح پر اپنے دفاع کے لیے تیار اور مکمل طور پر اہل ہے، صوبائی وزیر

کامیابی نے خطے میں طاقت کے توازن کو پاکستان کے حق میں مزید مستحکم کر دیا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے بھارت کے خلاف پاک فوج کی شاندار عسکری کامیابی اور آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر افواج..... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی حکمرانوں نے اپنی فوج پر ناقابل برداشت بوجھ ڈالا، عامر ریاض

ملٹری سطح پر پاکستان نے بڑا سرپرائز دیا، بھارت کو سیز فائر کی طرف جانا پڑا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عامر ریاض نے کہا ہے بھارتی سیاسی قیادت نے اپنی افواج پر وہ بوجھ ڈالا جو وہ اٹھانے کے قابل نہیں تھے، پاکستان نے جواب دیا تو بھارت کو سیز فائر کی طرف جانا پڑا، سٹرائیک میں اپنے تمام اہداف حاصل..... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کو پاکستان سے جواب پوری دنیا نے دیکھا، آئندہ کسی جارحیت کا بھی ایسا ہی سخت جواب آئے گا

قوم نے بھارت کو سیاسی و ذاتی مفادات سے بالاتر ہوکر جواب دیا، چیئرمین پی ٹی آئی کی نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے بھارت کیساتھ سیز فائر ہوسکتا ہے تو پی ٹی آئی کیساتھ بھی ہونا چاہیے، نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا قوم نے بھارت کو سیاسی و ذاتی مفادات سے بالاتر ہوکر جواب دیا، بھارت..... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

تشویشناک انٹیلی جنس ملنے پر امریکہ مداخلت پر مجبور ہوا، امریکی میڈیا

امریکہ سمجھتا ہے جے ڈی وینس کا مودی کو فون کرنا سارے معاملے میں اہم موڑ تھا

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی میڈیا نے انکشاف کیا ہے تشویشناک انٹیلی جنس ملنے پر امریکہ مداخلت پر مجبور ہوا، سی این این کی جانب سے وائٹ ہاؤس..... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

بنگلہ دیش میں شیخ حسینہ واجد کی سیاسی جماعت عوامی لیگ پر پابندی عائد

پابندی انسداد دہشت گردی قانون کے تحت لگائی، عوامی لیگ کی سرگرمیاں مقدمے کی سماعت مکمل ہونے تک معطل رہیں گی، حکومتی مشیر

عبوری حکومت نے انٹرنیشنل کرائمز ٹریبونل ایکٹ میں ترمیم کی بھی منظوری دے دی، سیاسی جماعتوں اور متعلقہ اداروں پر مقدمہ چلانے کی اجازت

ڈھاکہ (بیورو رپورٹ) عبوری بنگلہ دیش حکومت نے بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد کی سیاسی جماعت عوامی لیگ پر پابندی لگا دی، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حسینہ واجد کی جماعت پر انسداد دہشتگردی..... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر میں مسجد کے قریب گھر پر بم حملہ کیا گیا، شاہد رند

پولیس اہلکار محمد خماری نے فرض کی ادائیگی کیلئے جام شہادت نوش کیا

پولیس مقابلے میں ایک حملہ آور ہلاک، دوسرا زخمی ہوا، ترجمان حکومت

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ دہشت گردوں نے گوادر میں بلال مسجد کے قریب ایک گھر پر دستی بم حملہ کیا حملے میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے تین افراد زخمی ہوئے، واقعہ کے بعد پولیس نے فوری ردعمل کا مظاہرہ کیا..... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

آئندہ مالی سال کا بجٹ 2 جون کو پیش کئے جانے کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت کی جانب سے آئندہ مالی سال 26-2025 کا بجٹ 2 جون کو قومی اسمبلی میں پیش کئے جانے کا امکان ہے، ذرائع کے..... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ پر اسرائیلی حملوں میں بچوں سمیت مزید 21 فلسطینی شہید

خیمے میں سوئے ماں باپ اور 3 بچے بھی اسرائیلی بمباری کا نشانہ بنے، غیر ملکی میڈیا

غزہ (بیورو رپورٹ) اسرائیلی فوج نے غزہ میں حملے کرتے ہوئے بچوں سمیت مزید 21 فلسطینیوں کو شہید کر دیا، غیر ملکی میڈیا کے مطابق غزہ پر اسرائیلی بربریت کا سلسلہ جاری ہے، متعدد معصوم فلسطینی شہید ہوگئے، خیمے میں سوئے ماں باپ اور 3 بچے..... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بحریہ نے بھارتی جنگی بیڑے کو اپنے پانیوں تک رکھا

کڑی نگرانی کے سبب بھارتی بحریہ کا کوئی جہاز یا ایئر کرافٹ پیش قدمی نہ کر سکا

کراچی (بیورو رپورٹ) آپریشن کے دوران پاک بحریہ کی موثر حکمت عملی کے باعث بھارتی بحریہ اپنے پانیوں تک محدود رہی، بھارتی بحریہ جنوب میں پاک بحریہ کو چیلنج کرنے کی ہمت نہ کر سکی، پاک بھارت حالیہ کشیدگی کے پورے عرصے کے دوران پاک بحریہ کی..... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بھارت حالیہ ٹکراؤ نے چینی جنگی جہازوں کی مانگ بڑھا دی

چینی جنگی جہاز مشرق وسطیٰ میں طاقت کا توازن تبدیل کر سکتے ہیں، ماہرین

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاک بھارت حالیہ ٹکراؤ نے چینی جنگی جہازوں کی مانگ بڑھا دی، غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق چین کے جنگی جہازوں میں..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کیساتھ سیز فائر ہو سکتا ہے تو پی ٹی آئی کیساتھ بھی ہونا چاہیے، بیرسٹر گوہر

بھارت کو پاکستان کا جواب پوری دنیا نے دیکھا، آئندہ کسی جارحیت کا بھی ایسا ہی سخت جواب آئے گا

قوم نے بھارت کو سیاسی و ذاتی مفادات سے بالاتر ہوکر جواب دیا، چیئرمین پی ٹی آئی کی نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے بھارت کیساتھ سیز فائر ہوسکتا ہے تو پی ٹی آئی کیساتھ بھی ہونا چاہیے، نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا قوم نے بھارت کو سیاسی و ذاتی مفادات سے بالاتر ہوکر جواب دیا، بھارت..... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

آپریشن سندور، بھارتی اپوزیشن نے نریندر مودی سے جواب مانگ لیا

پہلگام واقعہ اور آپریشن سندور پر پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلایا جائے، راہول گاندھی

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارتی اپوزیشن جماعت کانگریس نے خطے کو جنگ کی آگ میں جھونکنے والے وزیر اعظم نریندر مودی کو پارلیمنٹ میں آکر آپریشن سندور..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی، یوم تشکر کے موقع پر عوام بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے پر خوشی سے رقص کر رہے ہیں

حماس نے 2 اسرائیلی یرغمالیوں کی ویڈیو جاری کر دی، زندہ ہونے کی تصدیق

غزہ (بیورو رپورٹ) حماس کے مسلح ونگ، عزالدین القسام بریگیڈز نے 2 اسرائیلی یرغمالیوں کی ویڈیو جاری کی جس میں دونوں افراد کو زندہ حالت میں دکھایا گیا، ایک شخص نے اسرائیل سے 19 ماہ سے..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

انٹرنیشنل ایئر لائنز نے پاکستان کیلئے فضائی آپریشن بحال کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) غیر ملکی ایئر لائنز نے پاکستان کیلئے فضائی آپریشن بحال کر دیا، پاکستان، بھارت کے درمیان 6 مئی سے جاری کشیدگی اور 10 مئی کو جنگ بندی کے بعد پاکستان کیلئے غیر ملکی ایئر لائنز کی..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

حلقہ پی بی 39 کی سڑکیں کھنڈرات میں تبدیل ہو چکی ہیں، حکام توجہ دیں

اس رپورٹ کو جنہ بائی پاس سے ملانے والی روڈ کی عرصہ 10 برس سے مرمت نہیں کی گئی

سڑک کی تعمیر ومرمت اور سیوریج اور نکاسی آب کا نظام بھی بہتر کیا جائے، علاقہ مکینوں کا مطالبہ

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) حلقہ پی بی 39 کی مصل سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار، بلیک ماہ وتوپک سے جانے والی بائی پاس سڑک بھی عرصہ 10 سالوں سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، قریب دکانیں، گیراج اور کاروبار کے مختلف کمپنیاں بھی موجود ہیں، اس سڑک پر گزشتہ 10 سالوں سے کسی بھی حکومت نے کوئی بھی کام نہیں کیا ہے، یہاں کے عوام اور تاجر صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ کو امید کی اکثران کرمن نظر آرہے تھے مطالبہ کیا ہے کہ اس سڑک کی تعمیر ومرمت اور دونوں اطراف بہتر سے سیوریج نظام کی تعمیر کی جائے بصورت دیگر سخت احتجاج کا حکومت کو سامنا کرنا پڑے گا، مشرق سے گفتگو کے دوران علاقہ مکینوں نے بتایا کہ پانی

39 کے عوام اور سڑک پر گزرنے والے مسافر بھی تنگ ہیں، رضا حاجی محمد طاہر بزنجو، انجمن محمد فرحان، نجیب اللہ بزنجو، بخت اللہ، اچکزئی، دیندر کاکڑ وغیرہ نے بتایا ہے ایریہ بہتر روڈ عالموں کے مقام پر تعلیمی ادارے

ہیں، یہاں کے طلبا کو آنے جانے میں دشواری کا سامنا ہے، اس سڑک کی خستہ حالی کی وجہ سے مقامی لوگ رسی باندھ کر دریا کو عبور کرتے ہیں، یہاں کے طلبا کو سکول جانے میں دشواری کا سامنا ہے، اس سڑک پر کوہاڑ کر رہے ہیں اور اس سڑک کی عدم تعمیر کی وجہ سے خستہ پریشان ہیں۔ انہوں نے آخر میں ذمہ داران سے مطالبہ کیا ہے کہ سڑک کو بہتر بنایا جائے اور اس طرح کا مطالبہ کیا ہے کہ سڑک کو بہتر بنایا جائے اور اس طرح پاکستان میں

پانی پاس روڈ عرصہ 10 سالوں سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوا ہے، معمولی بارش ہوتے ہی گھسان اور نالوں کی پانی پینے کی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے خصوصی طور پر اس شاہراہ پر نوزیری پانی کی گاڑیاں بھی گزرتی ہیں سڑک کو توجہ کے نام پر چھوڑ دیا گیا تھا لیکن اب سروے ڈویژن کا کام شروع ہو چکا ہے، سروے ڈویژن کے نام سے تعمیر ہو چکی

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ماں بچے کی پہلی درسگاہ اور اولاد میں دوست ہونی ہے وزیراعلیٰ سندھ

کراچی (ویورز رپورٹ) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ماؤں کے عالمی دن پر پیغام میں کہا کہ ماں بچے کی پہلی درسگاہ اور اولین دوست ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماں دنیا کی گھنی ترین ہستی ہے، ماں اپنی زندگی بچوں کی پرورش اور مستقبل کے لیے وقف کر دیتی ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ ماں محبت، قربانی اور ایثار کی علامت ہے اور ماں زندگی بھر اپنی اولاد کی بہتری اور خوشی کے لیے کوشاں رہتی ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ ماں کا احترام ہم سب کا فرض ہے اور ہمیں اپنی اولاد کے حق میں دعا کرنی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ سب ماؤں کے قدموں میں جنت رکھ دے، ماں کی محبت ہی دنیا کی واحد غیر مشروط محبت ہے۔

پاکستان کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے سکتا ہے ہم، زرک منڈونیل

کوئٹہ کی ملک پاکستان کنگلاف طاقت استحکام کرنیکا سوچ سکتا، رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے ممبر شیخ زرک خان منڈونیل نے بھارت کے خلاف پاکستان کی مسلح افواج کی کامیابی قرار دیتے ہوئے بھارت کو دوٹوک پیغام دیا کہ پاکستان جارحانہ اقدام کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا، پاکستان کنگلاف طاقت استحکام کرنیکا سوچ سکتا ہم پر امن ملک ضرور ہے لیکن اگر کسی نے غلطی کی تو پھر دفاع کیلئے ہر طرح کی تیاری ہے کیلئے تیار ہے پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے، ہم پر امن ملک ضرور ہے لیکن اگر کسی نے غلطی کی تو پھر ہمارے

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایڈیٹر نگہت لیفٹیننٹ کرنل سرجیل شہید کامران ممتاز نے ایم ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر 4-بلاک ناؤن مالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
فون نمبر: 2830228-2835934-2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:
ای میل: mashriqqta2008@gmail.com
پیر 12 مئی 2025ء

مسئلہ کشمیر سے متعلق امریکی صدر کا بیان، امن و استحکام کی نوید یا کلید!!

امریکی صدر ٹرمپ جنہوں نے پاکستان اور بھارت کے مابین جنگ بندی کے لئے اہم کردار ادا کیا اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ تنازع کشمیر کا حل نکالا جائے امریکی صدر نے کہا ہے کہ وہ چاہتے ہیں کہ پاکستان اور بھارت کے ساتھ حل مسئلہ کشمیر کا حل نکالیں امریکی صدر ٹرمپ کے بیان کا پاکستان نے خیر مقدم کیا ہے اور وزیر اعظم شہباز شریف نے صدر ٹرمپ کی عالمی امن کے لئے اور ایشیائی اور جنوبی ایشیا میں دیرپا امن کے قیام میں اہم کردار پر تشکر کا اظہار کیا ہے امریکی صدر نے کہا ہے کہ وہ پاکستان اور بھارت کے ساتھ کام کر رہے ہیں کہ تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ کیا ہم اس مسئلہ کشمیر کا کوئی حل نکالا جا سکتا ہے۔ اپنے حالیہ بیان میں ٹرمپ نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے ساتھ نہ صرف۔ سفارتی سطح پر تعاون بڑھایا جا رہا ہے بلکہ دونوں ممالک کے ساتھ تجارت میں بھی کافی صحتمند اضافہ کروں گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان حالیہ کشیدگی کو ختم کرنے میں امریکا نے کلیدی کردار ادا کیا اور دونوں ممالک کو ایک میز پر لا کر جنگ بندی پر آمادہ کیا۔ اس حوالے سے ترجمہ نے سوشل میڈیا پر پیغام جاری کرتے ہوئے جنگ بندی کے معاہدے کی تصدیق بھی کی تھی۔ یہاں اس بات کا ذکر ضروری ہے کہ پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف اور پورے قطعے کے اس حوالے سے دیرینہ والے بھارت نے پہلگام واقعے کے بعد پہلے زبانی کلامی اور پھر عملی جارحیت کا ارتکاب کیا جس کے بعد پاکستان کو بھی جوابی حملہ کرنا پڑا اور آپریشن بنیان مرصوص لانچ ہونے کی وجہ کے کچھ ہی دیر میں بھارت کی چیخیں نکل گئیں اس دوران امریکہ نے جنگ بندی کے لئے کردار ادا کیا اور ازیں بعد اب گزشتہ روز امریکی صدر نے مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے کام کرنے کی بات کی ہے۔ پاکستان نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے پاک بھارت تعلقات کے حوالے سے بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان حالیہ جنگ بندی، مفاہمت کی حمایت میں دیگر دوست ریاستوں اور امریکا کے تعمیری کردار کو سراہتے ہیں، جو کشیدگی میں کمی اور علاقائی استحکام کی جانب اہم ثابت قدم ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ ہم صدر ٹرمپ کی جانب سے جموں و کشمیر تنازعہ کے حل کی کوششوں کی حمایت پر آمادگی کے اظہار کو بھی سراہتے ہیں۔ یہ ایک دیرینہ حل طلب مسئلہ ہے جس کے جنوبی ایشیا اور خطے سے باہر امن و سلامتی کے لئے سنگین مضمرات ہیں۔ پاکستان اس امر کا اعادہ کرتا ہے کہ جموں و کشمیر کے تنازعہ کا کوئی بھی منصفانہ اور دیرپا تصفیہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قرار دادوں کے مطابق ہونا چاہئے اور کشمیری عوام کی بنیادی حقوق تسلیم ان کے ناقابل تنسیخ حق خود ارادیت کے حصول کو یقینی بنانا چاہئے۔ پاکستان خطے میں امن، سلامتی اور خوشحالی کے فروغ کی کاوشوں میں امریکہ اور عالمی برادری کے ساتھ شامل ہونے کے لئے پرعزم ہے، ہم امریکہ کے ساتھ کثیر الجہتی شراکت داری اور خاص طور پر تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے کے خواہاں ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے صدر ٹرمپ کی قیادت، عالمی امن کے لئے اور ایشیائی اور جنوبی ایشیا میں دیرپا امن کے قیام میں اہم کردار ادا کرنے کے لئے ان کی انتہائی قیمتی پیشکش پر اظہار تشکر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کئی دہائیوں سے پاکستان اور امریکہ نے اپنے باہمی مفادات کے تحفظ اور فروغ کے ساتھ ساتھ دنیا کے اہم حصوں میں امن اور سلامتی کے لئے مل کر بطور شراکت دار کام کیا ہے۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ پاکستان کو صدر ٹرمپ کی شکل میں ایک بہترین پارٹنر ملا ہے جو دونوں ممالک کی سٹریٹیک شراکت داری کو دوبارہ قوت دے سکتا ہے اور نہ صرف تجارت اور سرمایہ کاری بلکہ تعاون کے دیگر تمام شعبوں میں پاکستان اور امریکہ کے دوطرفہ تعلقات کو مستحکم کر سکتا ہے۔ امریکی صدر کا بیان خوش آئند ہے، دیکھیں کہ وہ اس بات میں کس قدر سنجیدگی کے ساتھ کام کرتے ہیں تاہم دنیا ایشیا میں امن و استحکام کے لئے مسئلہ کشمیر کا حل انتہائی ضروری اور تاثیر ہو چکا ہے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیان نے ایک نئی بحث کا آغاز کیا ہے یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب خطے میں کشیدگی اور پرسکون ماحول کے لئے ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے اور کسی بھی وقت جنگ چھڑنے کا خطرہ موجود رہے گا۔ اس کے علاوہ مسئلہ کشمیر انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا باعث ہے اس وقت سے، یہ مسئلہ پاکستان اور بھارت کے درمیان تین جنگوں اور متعدد چھوٹی جھڑپوں کا باعث بنا ہے۔ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے برخلاف بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں ظالمانہ تسلط اور قبضہ برقرار رکھا ہے جب تک یہ تنازعہ حل نہیں ہوتا، خطے میں کشیدگی برقرار رہے گی اور کسی بھی وقت جنگ چھڑنے کا خطرہ موجود رہے گا۔ اس کے علاوہ مسئلہ کشمیر انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا باعث بھی بن رہا ہے پاکستان کا موقف واضح اور اصولی ہے امریکی صدر ٹرمپ کا بیان، جس میں انہوں نے پاکستان اور بھارت کے ساتھ حل کرنے کی خواہش ظاہر کی ہے، ایک امید کی کرن ہے بین الاقوامی برادری کو اس موقع کو غنیمت جانتے ہوئے مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے اپنا کردار ادا کرنا چاہئے متعوقہ جموں و کشمیر میں ان وقت انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں ہو رہی ہیں۔ بھارتی افواج کشمیری عوام پر ظلم و ستم ڈھا رہی ہیں۔ بین الاقوامی برادری کو ان خلاف ورزیوں کو روکنے کے لئے اقدامات کرنے چاہئیں۔ مسئلہ کشمیر کا حل جنوبی ایشیا میں امن و استحکام کے لئے انتہائی ضروری ہے۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

قارئین اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔ اوور ایکٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے بغیر شائع ہونے کی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔ چار فون نمبروں میں سے ایک فعال فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک حقیقی فعلاً شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔ فعلاً اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

مکان نمبر 309-AG/B3 رقبہ 221 گز سیٹلائٹ ٹاؤن اسکیم اس وقت افتخار احمد ولد نیاز احمد کے نام ہے فرانسفر ثمینہ زوجہ امان اللہ کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں چودہ دیوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No.....61340

تلاش گمشدہ

میری VITZ گاڑی نمبر AMW-717 کا ٹھرکارڈ کاپی بنام نقیب اللہ ولد عبدالعلیم سریاب روڈ کے ایریا میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03133332565 پر مطلع کریں

R.No.....61338

حضرت علامہ حافظ فضل محمد یاد کی!!

تحریر: محمد عیسیٰ خان درانی

شیخ الحدیث حضرت علامہ حافظ فضل محمد صاحب ایک ہمہ جہت مجاہد عالم دین، علم، تقویٰ، اخلاص، اصول پرستی فکر و استقلال کا امتزاج، اسلامی سیاست کا درخشاں ستارہ، پارلیمانی و سیاسی بصیرت کے مالک، تحریک آزادی و بیداری کا علمبردار شیخ الحدیث حضرت علامہ حافظ فضل محمد کا شمار عصر حاضر کے ان علماء اکابر اور مجاہد رہنماؤں میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنی ساری زندگی قرآن و سنت کی خدمت، امت کی اصلاح، دین اسلام کے غلبہ علم کی روشنی پھیلانے، دین اسلام کی حیاء ملت کی رہنمائی کرنے اور امت مسلمہ کو بیدار کرنے میں صرف کردی۔ وہ نہ صرف ایک جید عالم دین تھے، بلکہ وہ علم، عمل، تقویٰ، اخلاص، جہاد، سیاست، قیادت اور دعوت کا مجسم پیکر تھے۔ باعمل داعی، سچے مجاہد، بالغ نظر سیاسی رہنما اور نہایت متواضع انسان تھے۔ حضرت شیخ الحدیث تھے حضرت کی علمی بصیرت گہری اور فقاہت کی بے مثال تھی۔ انہوں نے حدیث شریف، تفسیر قرآن، اصول فقہ اور عقائد جیسے مشکل مضامین کو نہایت آسان، مدلل اور حکمت سے بھرے انداز میں پڑھایا۔ ان کا انداز تدریس طلباء کے دلوں میں علم کی محبت پیدا کرتا، اور وہ صرف درس دینے والے نہیں بلکہ علم کا ذوق عطاء کرنے والے مدرس تھے حضرت حافظ صاحب علم عمل و تقویٰ کے پیکر تھے۔ ان کا ہر لمحہ سنت نبوی کی روشنی میں گزرتا۔ ان کی مجالس علم و عرفان سے بھرپور ہوتیں، جہاں صرف علم ہی نہیں بلکہ روحانی تربیت، سلوک، اخلاق اور اصلاح باطن کا بھی اہتمام ہوتا۔ وہ اپنے شاگردوں اور محبین کو علم کے ساتھ ساتھ عمل کی دعوت بھی دیتے۔ حضرت علامہ حافظ فضل محمد سیاست کو دنیاوی مفاد کا کھیل نہیں، بلکہ دین کی خدمت کا ذریعہ سمجھتے تھے۔ وہ ہمیشہ اسلامی اصولوں، شریعت کے نفاذ، عدل و انصاف اور ملت کے اجتماعی مفاد کے لیے آواز بلند کرتے۔ ان کی سیاست کا محور اصول، صداقت، وحدت امت اور دین کا غلبہ تھا۔ ان کا سیاسی شعور گہرا، بصیرت افروز اور امت کی فلاح و وحدت پر مبنی تھا۔ آپ نے مختلف مکاتب فکر اور تنظیموں کے درمیان مصالحت، مشاورت اور باہمی احترام کو فروغ دیا۔ ان کا خواب ایک متحد، خودمختار اور اسلام کے اصولوں پر قائم امت تھی۔ حضرت شیخ الحدیث علامہ حافظ فضل محمد ایک ایسے مرد مومن اور قائد باکردار تھے جنہوں نے محراب و منبر کے ساتھ ساتھ پارلیمانی میدان میں بھی دین کی نمائندگی کا حق ادا کیا۔ آپ کا شمار ان باصول اور نظریاتی علماء میں ہوتا ہے جنہوں نے نہ صرف علم و دین کی خدمت کی بلکہ امت کے اجتماعی مسائل کے حل کے لیے سیاسی میدان کو بھی اپنا مرکز عمل بنایا۔ جب حضرت ایوان بالا (سینٹ) کے رکن منتخب ہوئے، تو ایوان بالا میں ان کی موجودگی علماء کے لیے وقار، فہم و فراست، اور حق گوئی کی علامت بن گئی حضرت حافظ صاحب کو جمعیت علماء اسلام سے گہرا فکری و نظریاتی تعلق تھا آپ طویل عرصہ جمعیت علماء اسلام سے وابستہ رہے اور ایک سینئر رہنما کے طور پر قومی سیاست میں نمایاں کردار ادا کیا 2008 میں جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے نام سے ایک نئی جماعت کی بنیاد رکھی تاکہ ایک خالص اور اصولی دینی و سیاسی فکر کو زندہ رکھا جاسکے۔ حضرت حافظ فضل محمد کی زندگی کا ایک بڑا پہلو دعوت و اصلاح تھا۔ ان کی گفتگو دلوں پر اثر کرتی، گناہگاروں کو توبہ کی طرف مائل کرتی، اور حق کے متلاشیوں کے لیے چراغ راہ بنتی۔ آپ نے معاشرے میں اخلاق، دیانت، اخوت اور سادگی کو عام کیا حضرت کی زندگی ایک زندہ معجزہ تھی — خاموشی میں اثر، عاجزی میں عظمت، اور سادگی میں بلندی تھی۔ ان کی خدمات تاریخ کا وہ سنہری باب ہیں جنہیں وقت بھی فراموش نہیں کر سکتا۔ اللہ رب العزت حضرت شیخ صاحب کے درجات بلند فرمائے ان کی علمی خدمات، عملی فیض کو جاری و ساری رکھے، اور ہمیں ان جیسے مخلص علماء کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

قائد حریت بابائے نظریات علامہ حافظ فضل محمد (رح) کی مختصر سرگزشت

تحریر: سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی

آج بارہ مئی ہے اور یہ دن قائد حریت، بابائے نظریات علامہ حافظ فضل کا یوم وفات ہے۔ یہ بات ہے سنہ 1959ء کی جب پشتونوں کے ایک نامور قبیلے بڑیچ سے تعلق رکھنے والے محمد عیسیٰ بڑیچ کے ہاں ایک بچے کی ولادت ہوئی۔ والدین نے نام فضل محمد رکھا جو بعد میں حافظ القرآن، حافظ الحدیث، علامہ الکتب، امام المجاہدین، شیخ التفسیر، استاذ الاساتذہ ثمین، بطل حریت علامہ حافظ فضل محمد کے نام سے مشہور ہوئے آپ کی زندگی اور جدوجہد کو تین حصوں میں بانٹا جاسکتا ہے، علمی زندگی، جہادی اور سیاسی زندگی۔ بچپن سے ہی دینی علوم سے شغف تھا آپ نے ابتدائی تعلیم کوئٹہ سے حاصل کی اور مزید تعلیم کے لئے کراچی چلے گئے جہاں بین الاقوامی، دینی، معیاری، تعلیمی درسگاہ، جامعہ العلوم علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن میں داخلہ لیا، اسی جامعہ میں دو سال، جہاں العلم سے استفادہ کیا، اور سن 1985 میں باقاعدہ رسمی فراغت ہوئی۔ مولانا فتح اللہ صاحب، (مہتمم جامعہ فضل العلوم کراچی۔ جو کہ علامہ حافظ فضل صاحب کے دورہ حدیث کے ہم درس ساتھی تھے) نے علامہ حافظ فضل صاحب کے دورہ حدیث کا واقعہ سنایا کہ دورہ حدیث کے سال میں اگر کبھی حافظ فضل محمد کو آنے میں تاخیر ہوتی تو مفتی اعظم پاکستان مفتی ولی حسن ٹونکی (رح) اس وقت تک، حدیث کا درس شروع نہ کرتے جب تک حافظ صاحب کلاس میں تشریف نہ لاتے اور مفتی صاحب حافظ صاحب کی طرف اشارہ کرکے فرماتے تھے، یہ طالب العلم سبق بڑے شوق، و ادب سے سنتے ہیں اس لئے ہم اس کی قدر کرتے ہیں فراغت کے بعد، علامہ (رح) نے درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا اور بہت جلد ہی عوام، و خواص، میں آپ کی علمی قابلیت کا چرچا ہوا آپ کی علمی قابلیت کا یہ عالم تھا کہ آپ دوران درس فرمایا کرتے تھے، اگر دنیا جہاں سے ساری جلالین کی کتابیں ختم ہوں تو میں ان شاء اللہ مع الحاشیہ، سرتا پا جلالین لکھ سکتا ہوں۔ آپ فن نحو میں بھی اعلیٰ درجے پر فائز تھے۔ علامہ موصوف ہمیشہ اسلام اور مسلمان دشمن قوتوں کے خلاف برسرپیکار رہے روس نے جب پہلے پہل افغانستان پر حملہ کیا تو سب سے پہلے آپ ہی تھے جو افغانستان پہنچے اسی طرح سیاسی حوالے سے بھی آپ ایک بہت بڑی شخصیت ثابت ہوئے آپ کے والدین اور اساتذہ نے جہاں آپ کو یہ سکھایا تھا کہ جس طرح کھانا دائیں ہاتھ سے کھاتے ہیں، پانی تین سانس میں پیو، والدین اور اساتذہ سے حسن سلوک سے پیش آؤ وہاں آپ کو بچپن سے یہ درس بھی ملا تھا کہ حق کے لئے صف اول میں موجود رہو اسلام کی خاطر قربانی کا موقع آئے تو پیچھے نہ ہٹو ناموس رسالت پر آپ کی جان جاتی ہے تو چلی جائے، لیکن موت کے ڈر سے پیچھے مت ہٹنا، ناموس صحابہ کے دفاع پر اگر آپ کی ایک جان جاتی ہے تو جائے مگر صحابہ کے دفاع سے پیچھے نہ ہٹنا حافظ صاحب مرحوم ایک عہد ساز شخصیت تھے۔ علامہ صاحب نے سنہ 1980 میں باقاعدہ جمعیت علما اسلام کے پلیٹ فارم سے سیاست کا آغاز کیا۔ پھر جمعیت علماء اسلام کی طرف سے سینیٹر بھی منتخب ہوئے اور سینٹ میں اسلامی قوانین کے حوالے سے بھرپور نمائندگی کا حق ادا کیا حافظ فضل محمد ہی ان اولین شخصیات میں سے ہیں جنہوں نے جمعیت علما اسلام کی اثر و رسوخ بلوچستان کے سنگ دل لوگوں کے دلوں میں بٹھائی۔ یہ تو الحاج علامہ عبدالغنی صاحب فرمایا کرتے تھے۔ کہ اگر جمعیت میں حافظ فضل نہیں ہوتے تو آج بلوچستان میں جمعیت کے چند گنے چنے افراد ہوتے۔ آپ کے روشن کردار سیاست ہی کے نتیجے میں جمعیت علما اسلام (نظریاتی) وجود میں آئی حافظ صاحب خطابت کے بھی بے تاج بادشاہ تھے۔ اس کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ علمی سطح پر جہاں کہیں بھی کوئی جلسہ ہوتا بلوچستان سے آپ ہی کا انتخاب ہوتا آپ جاتے اور اپنی علمی بصیرت اور خطابت سے لوگوں کا لہو گرماتے۔ صوبہ پنجاب کے شہر جھنگ میں "شہدائے اسلام" کے عنوان سے ایک بہت بڑا جلسہ منعقد ہو رہا تھا اس جلسے میں حافظ صاحب کو خاص طور پر مدعو کیا گیا تھا اس جلسے کی صدارت مولانا اعظم طارق شہید کر رہے تھے مولانا اعظم طارق شہید حافظ صاحب کے دورہ حدیث کے ساتھی تھے اسی طرح بہت بڑے نام غازی عبدالرشید شہید، مولانا قاری امداد اللہ، ناظم جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی، مولانا فتح اللہ جامعہ فضل العلوم کراچی اور دیگر بڑی شخصیات جن کی علمی و سیاسی خدمات کی ایک دنیا معترف ہے یہ سب حافظ کے ہم درس ساتھی رہے تھے۔ مولانا فضل محمد یوسفزئی بلوچستان خصوصاً کوئٹہ کے طلبہ سے فرمایا کرتے تھے ہمیں ان طلبہ کو دیکھ کر حیران ہوتا ہوں جو میرے ہم نام فضل محمد بڑیچ کو چھوڑ کر اس فضل محمد کے پاس آتے ہیں حالانکہ انکی قابلیت امر مسلم ہے۔ علامہ حافظ فضل محمد کے وفات کے دن امارت اسلامی افغانستان کی طرف سے ایک وفد آیا جن کو ملا محمد عمر نے خصوصی بھیجا تھا حضرت کے نماز جنازے کے بعد انھوں نے ملا عمر کا پیغام پورے جنازگاہ والوں کو سنایا جب حافظ صاحب کو سپرد خاک کیا گیا تو کئی روز تک قبر مبارک سے مشک و عنبر سے زیادہ خوشبو مہکتی تھی۔ موت کے تقریباً چالیس 40 دن بعد جب حافظ صاحب کی جسد قبر سے نکالا گیا تو جسد روز اول کی طرح بعینہ بال لمبے اور بڑے ہوئے تھے ناخون بڑے۔ جسم سے خوشبو مہکتی تھی۔ افسوس حافظ صاحب سے اگر زندگی وفا کرتی تو آج کے یہ فسق و فساد انکے رعب و دبدبہ سے ہی ختم ہوجاتے۔ لیکن کہا جاتا ہے مٹی کو بھی وہی پسند جو اللہ کو پسند ہوتے ہیں۔ یوں یہ 54 سالہ زندگی بہت سوں کے صد سالہا زندگی سے اچھی و بہتر و باکردار گزاری۔ 12 مئی کو داعی اجل کو لبیک کہتے ہوئے ہزاروں تلامذہ کو روتے ہوئے چھوڑا۔ اور لاکھوں کارکنوں کو اشکبار و سر پیٹتے چھوڑ کر دائمی داغ فراق دیا۔ آج 12 مئی بروز پیر جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان بھر میں حافظ فضل کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی اور دعائیہ تقاریب کا اہتمام کرے گی۔

حافظ فضل محمد کا یوم وفات: ان مٹ نقوش

تحریر: عبدالرحیم صبا

قدرت کا یہ اٹل فیصلہ ہے کہ اس دار فانی میں ہر ذی روح مخلوق کو بقا نہیں جس نے یہاں آنا ہے اس نے جانا ضرور ہے لیکن کچھ ہستیاں ایسی ہوتی ہیں۔ جو اپنے پیچھے ایسے ناقابل فراموش، انمٹ نقوش و آثار چھوڑ جاتی ہے۔ جن کی وجہ سے ان کا کردار رہتی دنیا تک زندہ و تابندہ رہتا ہے آج کی یہ تحریر میں اس مرد مجاہد عظیم المرتبہ شخصیت بانی جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان شیخ الحدیث والتفسیر علامہ حافظ فضل محمد بڑیچ کے نام جن کی ساری زندگی اسلام کی خدمت و تشہیر میں بسر ہوئی۔ اور جن کی ذات گرامی نے ہر میدان پر اسلام کی ترویج و اشاعت کیلئے اہم کردار ادا کیا۔ حضرت شیخ علامہ حافظ فضل محمد بڑیچ کے اچانک وفات ایک بہت بڑا سانحہ تھا حافظ فضل محمد بڑیچ جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے پلیٹ فارم سے حق گوئی و بیباکی اور مجاہدین اسلام کے سرعام تائید و رہنمائی کی وجہ سے عالم کفر و باطل قوتوں کے دلوں میں ہیوست خنجر کی طرح چبھ رہے تھے پ میں کچھ کر گزرنے کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ وہ اصلاح و انسانیت کا مصمم ارادہ کئے ہوئے اللہ کی ذات پر بھروسہ اور نظر تھیبوئے ہر ظالم او جابر کی آنکھوں کا شہتیر بن کر گویا اس شعر کے مصداق تھے

رادے جن کے پختہ ہوں نظر جن کی خدا پر ہو
طلاطم خیز موجوں سے وہ گھبرایا نہیں کرتے

آپ نے زندگی کا اکثر حصہ درس و تدریس میں صرف کیا۔ اس وجہ سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو سیاسی و جہادی میدان میں وہ مرتبہ عطا فرمایا جو خال خال لوگوں کو حاصل ہوا تھا۔ آپ کا طرز درس و تقریر اپنی مثال آپ تھا۔ پرکشش اسلوب، تھی تاثرات سے پر یہ تقریر جو زبان و کلام کے راستے دل میں اتر جاتی حضرت علامہ حافظ فضل محمد بڑیچ کے جانے سے عالم اسلام کا ایسا نقصان ہوا ہے اور ایک ایسا خلا پیدا ہوا ہے۔ کہ اس نقصان کا ازالہ بہت مشکل نظر آرہا ہے حضرت علامہ حافظ فضل محمد بڑیچ کی وفات کی خبر پورے ملک میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔ ملک بھر سے ہزاروں کی تعداد میں عوام و خواص نے آپ کی نماز جنازہ ادا کرنے کیلئے صادق شہید گراؤنڈ کا رخ کیا حضرت اللہ تعالیٰ اس عظیم ہستی کو غریق رحمت فرمائے اور آپ کی قبر کو نور سے بھر دے (آمین)

لورالائی کے زمینداروں کو زیتون کے پودوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے، سیکرٹری زراعت

زمینداروں کو سہولیات فراہم کرنے سے نہ صرف مقامی آبادی کو روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے بلکہ ملکی معیشت بھی پروان چڑھے گی

لورالائی کا موسم زیتون کی کاشت کیلئے انتہائی موزوں ہے، اچھی فصل پایت بین الاقوامی ایوارڈ حاصل کر چکا ہے، ڈی جی زراعت ریسرچ

لورالائی (آن لائن) سیکریٹری زراعت نور احمد پرکانی، ڈی جی، زراعت ریسرچ عبدالرؤف خان کاکڑ نے کنوئی ریسرچ فارم لورالائی کا دورہ کیا اس دوران حبیب اللہ کاکڑ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ریسرچ مولادداد ناصر اور عبدالحق نے انکو بریفنگ دی ڈائریکٹر زراعت ریسرچ لورالائی احمد علی مینگل بھی اس موقع پر موجود تھے حبیب اللہ کاکڑ نے بریفنگ کے دوران بتایا کہ لورالائی میں اس وقت مختلف زمینداروں نے دو لاکھ بیس ہزار درخت لگائے ہوئے ہیں اور زمیندار زیتون کی فصل سے خوب آمدن کمارہے ہیں لورالائی موسم کے حساب سے زیتون کے لیے انتہائی موزوں علاقہ ہے اور مزید زمیندار زیتون کے درخت لگانے کے خواہشمند ہیں اور مزید 80000 درختوں کی ڈیمانڈ ہے انشائلہ لورالائی ریسرچ زمینداروں کو 92 روپے فی پودے کے حساب سے فراہم کرے گی سیکرٹری زراعت نور محمد پرکانی نے کہا بے شک زیتون کا ذکر قرآن مجید میں بھی آیا ہے اور زیتون کا تیل ہر قسم کی بیماری کے لیے شفا ہے انہوں نے کہا کہ زمینداروں کو زیتون کے پودوں کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ مزید زیادہ سے زیادہ زمیندار مستفید ہوکر اپنے روزگار کے ساتھ ساتھ ملکی معیشت کو مزید تقویت فراہم کرسکیں انہوں نے لورالائی زراعت ریسرچ کے عملے کی اچھی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ زمینداروں کی بہتری کے لیے اسی طرح اپنی صلاحیتیں بروئے کار لاتے رہینگے ڈی جی زراعت ریسرچ عبدالرؤف نے کہا کہ لورالائی میں زیتون کی کاشت اور اچھی فصل کے حوالے سے بین الاقوامی ایوارڈ بھی حاصل کر چکا ہے مزید زمیندار بھی زیتون کی کاشت کرکے اچھی آمدن کمائیں۔

پاکستان کی فتح پر چمن میں یوم تشکر منایا گیا

ڈی سی کی سربراہی میں قرآن خوانی، دعاؤں اور لنگر کا اہتمام کیا گیا

چمن (نامہ نگار) ڈی سی چمن حبیب احمد منگوکی کی زیر صدارت چمن کے قبائلی راہنماؤں اور غیور عوام نے انڈیا اور پاک وطن کی دفاع کیلئے جام شہادت نوش کرنے والوں پاک فوج کی کامیاب آپریشن بنیان المرصوص اور کامیابیوں پر یوم تشکر اور فاتح خوانی اور قرآن خوانی کے حوالے ایک پروقار تقریب اور ریلی کا انعقاد کیا گیا انڈین آرمی کو پاکستان کی طرف سے منہ توڑ جواب دینے اور پاکستان کی کامیاب آپریشن بنیان المرصوص پر چمن کے غیور عوام نے یوم تشکر منایا اس موقع پر چمن کے قبائلی عمائدین علماء کرام طلباء اور چمن کے غیور عوام نے انڈیا کیخلاف لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والوں فوجیوں کی ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی گئی اور شہداء کی درجات کی بلندی کیلئے ملک کی سلامتی اور یکجہتی خصوصی دعائیں مانگی گئیں اور لنگر تقسیم کیا گیا اور آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر یوم تشکر منایا گیا اور پاک فوج کی کامیابیوں پر انھیں مبارکباد پیش کیا گیا اور پاک فوج کی انڈین آرمی کیخلاف کامیاب آپریشن بنیان مرصوص پر چمن شہر میں ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی کے شرکاء نے بینرز پلے کارڈز اٹھائے تھے جس پر پاک فوج کو زبردست خراج تحسین پیش کرنے اور پاک فوج زندباد کی شعار درج تھے اور ریلی کے شرکاء پاکستانی جھنڈے لہراتے ہوئے پاک فوج اور پاکستان زندباد کے نعرے لگا رہے تھے۔

حب، میئر سید ممتاز زہری ایس پی کے کے تحت بھرتی ہونے والے اساتذہ میں تقرر نامے تقسیم کر رہی ہیں

کچھی ساڑھے تین سو اساتذہ میں تعیناتی کے آڈرز تقسیم

ایس پی کے ٹیسٹ پاس کرنے والوں کو کنٹریکٹ پر تعیناتی کے آرڈرز مل گئے

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر کچھی جہانزیب بلوچ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اکحام الدین سانگرئی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میر عبدالحی ساسولی ڈپٹی ڈسٹرکٹ افسران ہیڈ ماسٹرز نے ڈھاڈر بھاگ اور دیگر تحصیلوں میں تقریبات کے دوران ساڑھے تین سو اساتذہ میں تعیناتی آڈرز تقسیم کرکے تعیناتی کا عمل مکمل کرلیا تفصیلات کے مطابق ضلع کچھی میں ایس پی کے کے تحت ٹیسٹ انٹرویو پاس امیدواروں کو سیکرٹری تعلیم صالح ناصر کی اپروول کے بعد کنٹریکٹ بنیاد پر تعیناتی کے آرڈرز مل گئے اس حوالے سے ڈی سی آفس ڈھاڈر میں ایک پروقار تقریب میں اساتذہ کی مختلف کیٹیگریز جن میں بے ای ڈی یو ای ایس ٹی ایم کیو جے ڈی ایم جے وی ٹیچرز میں ڈپٹی کمشنر کچھی جہانزیب بلوچ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اکحام الدین سانگرئی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میر عبدالحی ساسولی نے نئے تعینات اساتذہ میں اپائنٹمنٹ آڈرز تقسیم کردیئے جبکہ موسمی حالات اور گرمی کے پیش نظر دور دراز علاقوں کے نئے اساتذہ کو ان کے نزدیکی شہروں اور تحصیلوں میں تعلیمی افسران ڈی ڈی ای ڈی اور ہیڈ ماسٹرز کے ذریعے بھی دیئے گئے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کچھی اور ایجوکیشن آفیسرز نے نئے تعینات شدہ اساتذہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان خصوص ضلع کچھی میں طویل عرصے سے تعلیم کا شعبہ اساتذہ کی کمی کی وجہ سے سخت مشکلات کا شکار چلا آرہا تھا لیکن حکومت بلوچستان محکمہ تعلیم کی بروقت اور مثبت پالیسیوں کی بدولت ایس پی کے امتحان میں کامیاب امیدواروں کو میرٹ کے مطابق تعیناتی کو ممکن بنایا گیا تاکہ ضلع کچھی میں تعلیمی عمل کو بڑھاوا حاصل ہوسکے انہوں نے نئے اساتذہ سے کہا کہ وہ فوری طور پر اپنی جائے تعیناتی پر حاضر ہوکر پورے جوش و جذبے اور تندہی کے ساتھ اپنے فرائض کا آغاز کریں

اوستہ محمد، پاک فوج کے حق میں ریلیاں نکالی گئیں

پاک فوج کی جرات اور جذبے کو سلام پیش کرتے ہیں، مقررین

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) زمیندار ایسوسی ایشن کے رہنماء معروف قبائلی شخصیت میر حسن خان جمالی کی قیادت میں پاک فوج کی حمایت میں ایریلیشن آفیس اوستا محمد سے ریلی نکالی گئی ریلی عدالت روڈ، مچھلی پل، جناح روڈ، یونی ایل چوک، تحصیل روڈ سے ہوتی ہوئی ایریلیشن آفیس اوستا محمد پہنچی جہاں پر جلسے کی شکل اختیار کرلی ریلی میں معروف قبائلی شخصیت میر محسن خان جمالی، میر حسن خان شہلیانی جمالی، میر خان جمالی، میر خالد خان شاہانزئی جمالی، میر ناصر خان جمالی، محبوب علی ترین، عبداللہ چندرانی، پاکستان تحریک انصاف اوستا محمد کے رہنماء میر گودھا خان جمالی، سرکردہ محمد صدیق عمرانی، پاکستان پیپلز پارٹی کے نیاز حسین عمرانی، ہندو کمیونٹی سمیت مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی ریلی سے قبائلی رہنما میر محسن خان جمالی میر حسن خان جمالی و دیگر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت پاکستان کی شرافت کو کمزوری سمجھ رہا تھا شاہینوں نے چند منٹ میں بھارت کو منہ توڑ جواب دیا انہوں نے مزید خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم بھارت کی بل امتیاز پاکستان کے خلاف جاری کارروائیوں کی مذمت کرتے ہیں بھارت کے حملے خطے کے امن کو سبوتاژ کرنے کی کوشش ہیں بھارت دنیا کا سب سے بڑا دہشت گرد ملک ہے پاکستان ایٹمی طاقت ہے بھارت کو منہ توڑ جواب دینگے بلوچستان سمیت پوری پاکستانی عوام افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں جبکہ اس موقع پر شرکاء نے پاکستان کے حق اور بھارت کے خلاف نعرے بازی کی گئی اور شریک شرکاء کے ہاتھوں میں پاکستان کے سبز ہلالی پرچم اٹھائے رکھے تھے۔ پورے ملک کی طرح پاک فوج کی بھارت پر فوقیت حاصل کرنے پر پاک فوج کے حق میں جوش جذبہ اور خوشی میں ریلیاں نکالی جارہی ہیں

دالبندین میں منشیات کا فروغ تشویشناک ہے، قادر سنجرانی

شہر میں منشیات کے اڈے دن رات کھلے عام چل رہے ہیں

دالبندین (آن لائن) خان پینل کے رہنما میر قادر سنجرانی نے دالبندین شہر میں بڑھتے ہوئے منشیات کے استعمال اور فروخت پر شدید تحفظات کا اظہار کیا۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ یہ انتہائی افسوسناک صورتحال ہے کہ ایس پی چاغی کی ناک کے نیچے، ہمارے شہر دالبندین میں منشیات کے اڈے دن رات کھلے عام چل رہے ہیں۔ میر قادر سنجرانی نے انتظامیہ کی کارکردگی پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ غیر مقامی نشے کے عادی افراد نے شہر کی گلیوں کو اپنا مسکن بنالیا ہے، جس سے نہ صرف امن و امان کی صورتحال خراب ہو رہی ہے بلکہ شہریوں میں خوف و ہراس بھی پھیل رہا ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ آخر قانون نافذ کرنے والے ادارے ان سرگرمیوں سے کیوں چشم پوشی اختیار کیے ہوئے ہیں؟ کیا انہیں ان اڈوں کے بارے میں علم نہیں، یا وہ جان بوجھ کر کوئی کارروائی نہیں کر رہے؟ خان پینل کے رہنما نے خبردار کیا کہ اگر فوری طور پر ان منشیات کے اڈوں کے خلاف موثر کارروائی نہ کی گئی اور شہر کو نشے کے عادی افراد سے پاک نہ کیا گیا تو سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے تمام سیاسی و سماجی تنظیموں اور باشعور شہریوں سے اپیل کی کہ وہ اس مسئلے پر آواز اٹھائیں اور دالبندین کو اس لعنت سے نجات دلانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ میر قادر سنجرانی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ دالبندین کے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے اور وہ کسی بھی صورت میں اپنے شہر کو منشیات مافیا کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑیں گے۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر اس صورتحال کا نوٹس لیں

پاکستان ایئر فورس کی کارروائیاں قابل فخر ہیں، ثریا اللہ دین

پوری قوم شہداء کو سلام پیش کرتی ہے جنہوں نے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، بیان

عبدالرحمن زئی (نمائندہ خصوصی) معروف سماجی شخصیت خدا خدہ منگار (و) محب وطن رہنما مسز ثریا اللہ دین نے حالیہ دفاعی صورتحال پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم کو اپنی غیور مسلح افواج، بالخصوص پاکستان ایئر فورس کے بہادر پائلٹس پر فخر ہے، جنہوں نے اپنے پیارے وطن کی فضاؤں کی حفاظت نہایت مہارت، فرض شناسی اور جذب ایمان سے کی۔ ان کے جرات مندانہ اقدامات نے پوری دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ پاکستان نہ صرف اپنے دفاع کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے بلکہ کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی سکت بھی رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتی ہے جنہوں نے مادر وطن کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور نسل نو کے لیے مشعل راہ بنی رہیں گی۔ مسز ثریا اللہ دین نے حکومت وقت کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بروقت اور مثبت بین الاقوامی رابطے، سفارتی سطح پر موثر حکمت عملی، اور ملکی اتحاد نے دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ سیز فائر کی پیشکش ایک مضبوط اور پرعزم قوم کی طرف سے ایک دانشمندانہ قدم ہے، جو کہ فتح کے بعد اختیار کیا گیا یہ ایک عملی اور پرامن پاکستان کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پوری قوم سیاسی قیادت، عسکری قیادت، میڈیا، سول سوسائٹی اور ہر شعبہ ہائے زندگی کے لوگ اس وقت قومی یکجہتی کی ایک مثال بنے ہوئے ہیں، جو پاکستان کی اصل طاقت ہے۔ ہمیں فخر ہے اپنے دفاعی اداروں پر ہم فخر کرتے ہیں اپنے شہداء پر، اور ہمیں یقین ہے کہ پاکستان کا مستقبل روشن ہے

تربت کو ماڈل سٹی بنائیں گے، چیئرمین میونسپل کارپوریشن

شہر میں خصوصی صفائی مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے، شہریوں سے تعاون کی اپیل

تربت (خ ن) چیئرمین میونسپل کارپوریشن تربت شیخ شیرقاضی کی ہدایت پر شہر میں صفائی کی بہتری کے لیے خصوصی مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ مہم کے دوران تربت کی شاہراہوں، گلیوں اور سڑکوں کے اطراف جمع مٹی، کچرے اور گرد و غبار کو جدید برش گاڑیوں کے ذریعے صاف کیا جا رہا ہے چیئرمین میونسپل کارپوریشن نے صفائی کو ایمان کا حصہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہمارا ہدف تربت کو ماڈل سٹی بنانا ہے، اور یہ مہم اسی سمت ایک عملی قدم ہے۔ انہوں نے عملے کو صفائی کے عمل کو باقاعدگی سے جاری رکھنے کی ہدایت کی اور شہریوں سے بھی تعاون کی اپیل کی جبکہ شہریوں نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے توقع ظاہر کی کہ یہ مہم مستقل بنیادوں پر جاری رہے گی، جس سے تربت میں صفائی اور شہری معیار زندگی میں بہتری آئے گی۔

بھاگ میں نومنتخب اساتذہ کو تعیناتی آرڈرز جاری کر دئے گئے

ایس پی کے ٹیسٹ پاس کرنے والے امیدواروں کی محنت و انتظار رنگ لے آئی

بھاگ (نامہ نگار) صوبائی وزیر برائے بورڈ آف ریونیو میر محمد عاصم کرد گیلو کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں گورنمنٹ ہائی سکول بھاگ میں ایس پی کے پاس امیدواروں کے تعیناتی آرڈرز کی تقسیم کے لیے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت گورنمنٹ ہائی سکول بھاگ کے ہیڈ ماسٹر محمد طاہر سومرو نے کی، جبکہ مہمان خاص ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (DEO) کچھی اکحام الدین سان

روزنامہ مشرق کوئٹہ
اسپورٹس

پاک بھارت سیز فائر؛ ثانیہ مرزا کے بعد شعیب ملک کا بھی بیان سامنے آگیا

پاکستان اور بھارت نے 4 دن کی کشیدگی کے بعد سیز فائر کا اعلان کیا ہے

دبئی (این این) پاک بھارت سیز فائر کے اعلان کے بعد سابق کرکٹر شعیب ملک اور ان کی سابقہ اہلیہ بھارتی ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا کے بیانات سامنے آگئے۔ سابق کرکٹر شعیب ملک نے انسٹاگرام پر اپنی پوسٹ میں پاک بھارت سیز فائر کا خیر مقدم کیا۔ انھوں نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ ہماری افواج نے بہادری کی دو داستانیں رقم کی ہیں جنھیں لفظوں میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ شعیب ملک نے مزید کہا کہ پاک فوج کی امن وامان اور استحکام سے وابستگی پوری دنیا کے لیے مشعل راہ ہے۔ سابق کرکٹر نے پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگایا اور پاک فوج کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں آپ پر فخر ہے۔ شعیب ملک کی سابقہ اہلیہ ثانیہ مرزا کا تعلق بھارت سے تھا اور وہ ٹینس اسٹار تھیں۔ ثانیہ نے بھی جنگ بندی کا خیر مقدم کیا۔ خیال رہے کہ پاک فوج نے آپریشن بنیان مرصوص میں ہونے والے نقصان کو دیکھ کر بھارت سیز فائر پر مجبور ہوا تھا۔

جنگ بندی اعلان کے بعد ٹوئٹ! وسیم اکرم تنقید کی زد میں

حساس لمحات میں خاموش رہنا اور صورتحال معمول پر آنے کے بعد بیان دینا یہ کیسی ذہنی بیماری ہے؟

کراچی (این این اے) فاسٹ بولر وسیم اکرم کے سابق کرکٹر باسط علی نے پاک بھارت کشیدگی کے دوران تاخیر سے ٹیکنیکی کرکے پر ساتھی کپتان وسیم اکرم کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ سابق اسپنر کے سابقہ ٹیس (ٹوئٹر) پر ٹوئٹ کرتے ہوئے کہا کہ سابق کرکٹر وسیم اکرم نے لکھا کہ ہم سب اپنی مسلح افواج کے ساتھ کھڑے ہیں، انہوں نے دشمن کی جارحیت کا جواب دیا۔ انہوں نے مزید لکھا کہ جیسا کہ ہم دیکھ چکے، 'جنگ تب ہوتی ہے جب زبان ناکام ہو جاتی ہے' اس لیے ہر سطح کے بار ذمہ داروں کی بہتری کیلئے بات چیت اور تنازعات کو حل کرنے میں مدد دے، امن ہی ہم سب چاہتے ہیں! اپنا سکون برباد ہو، وسیم اکرم کی جانب سے ٹوئٹ ایسے وقت میں سامنے آیا جب پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کا باضابطہ اعلان ہو گیا تھا، اس پر انٹس شدید تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ سابق کرکٹر باسط علی نے دو ٹوک الفاظ میں وسیم اکرم پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ انتہائی حساس لمحات میں خاموش رہنا اور پھر صورتحال معمول پر آنے کے بعد بیان دینا۔۔۔ یہ کیسی ذہنی بیماری ہے؟ کرکٹر کو قوم کے مشکل وقت میں آواز اٹھانی چاہیے، نہ کہ بعد میں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر سابق وسیم اکرم کو پاک فوج کے حق میں تاخیر سے ٹوئٹ کرنے پر خوب تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔

بلوچستان کے لوگ امن پسند اور کھیل سے محبت رکھنے والے ہیں، مشیر کھیل مینا مجید بلوچ

بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے، اور حکومت بلوچستان اس ٹیلنٹ کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے

پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ جیسے عالمی سطح کے ایونٹ کا کوئٹہ میں انعقاد ایک سنگ میل ہے : صوبائی مشیر برائے کھیل و امور کی گفتگو

کوئٹہ (پ ن) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے، اور حکومت بلوچستان اس ٹیلنٹ کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اس مہم کے ذریعے ہم کھیلوں کے شعبے کو فعال، باقاعدہ اور جدید خطوط پر استوار کیا جانے کا تاکہ نوجوان بلوچ مشرکر میں کی بہادری، امن اور بلوچستان کا نام عالمی سطح پر روشن کریں۔ انہوں نے عالمی باکسنگ کانسل چیمپئن شپ جیسے عالمی سطح کے ایونٹ کا کوئٹہ میں انعقاد ایک سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے لوگ امن پسند اور کھیل سے محبت رکھنے والے ہیں۔ انہوں نے اس ایونٹ کا کامیاب انعقاد پر عالمی باکسنگ محمد وسیم، کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم، محمد رضوان، وزیر داخلہ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور تمام چیمپئنز کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عالمی کانسل چیمپئن کی کامیابی کا سارا کریڈٹ وزیر داخلہ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو جاتا ہے جنہوں نے اس عالمی ایونٹ کے لیے پاکستان، بالخصوص بلوچستان پر اعتماد کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی کابینہ نے اس جانب سے بیحد سراہا کیا۔

فاسٹ بولر محمد عباس نے شاندار پرفارمنس پاکستانی افواج کے نام کر دی

کیمپئنز کے خلاف چوکوں پر بولنگ کرتے ہوئے 15 اوورز میں صرف 31 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے مایہ ناز فاسٹ باؤلر محمد عباس نے کاؤنٹی چیمپئن شپ میں بنگلہ شائر کی جانب سے اپنے ڈیوٹی کی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے افواج کے نام کر دی، جو بھارت کے ساتھ جاری حالیہ سرحدی کشیدگی میں مصروف عمل ہیں۔ عباس نے اپنے ساتھی قلب کیمپئنز کے خلاف چوکوں پر بولنگ کرتے ہوئے 15 اوورز میں صرف 31 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں اور حریف ٹیم کو پہلی اننگز میں 196 رنز زیر کر دیا، اس کی شاندار بولنگ کی بدولت بنگلہ شائر کوچنگ میں 137 رنز کی شاندار برتری حاصل ہوئی۔ محمد عباس نے کہا کہ سب سے پہلے میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ مجھے اس اننگز کے لیے ڈیوٹی کی کیلئے اننگز

1 بقیہ

پاکستان زندہ باد

نعرے لگا رہے تھے۔ بی بی کے شرکاء سے سید جاہد گیلانی شاہ اور زوار حسنہ نے کہا کہ بی بی قوم کو بھارت کے خلاف کامیاب آپریشن بنیان مرصوص کے بعد قوم کا سر فخر سے بلند کیا، بھارتی جارحیت کے خلاف قوم کو متحد کیا، بھارتی جارحیت کے خلاف سفارتی محاذ پر بی بی کی قربانی سے دنیا کو سبق ملا کہ پاکستان کی قوم اپنے وطن کے دفاع کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہے، اگر ہماری خود مختاری پاکستان کے شاہد بشارت بھی موجود تھے تو جواب دینے کیلئے جیسے انہوں نے کہا کہ بی بی کی قیادت نے موثر انداز میں بھارتی جارحیت کو صرف روکا بلکہ ایک 35 ٹن طیارہ اور 70 کے قریب اسرائیلی ساختہ ڈرانز کو گرا دیا انہوں نے کہا کہ بھارت نے جارحیت کرتے ہوئے پاکستان کی سویلین آبادی کو نشانہ بنایا تھا، بی بی کی قیادت میں پاک فوج نے بھارت کی حساس تنصیبات اور فوجی چوکیوں کو نشانہ بنایا تھا جسے بھارت کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا، مالی نقصان پچھلا پورے پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جس انداز، جس طریقے سے بی بی کی قیادت میں پوری قوم نے بھارت کے حساب چکتا کیا ہے اس پر ہم پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ بھارت نے پاکستان کے شہریوں کو نشانہ بنایا تھا جسے بی بی کی قیادت میں پاک فوج نے بھارت کو جواب دیا ہے جو بھارت کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے، بی بی کی قیادت میں پاک فوج نے بھارت کو جواب دیا ہے جو بھارت کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے، بی بی کی قیادت میں پاک فوج نے بھارت کو جواب دیا ہے جس کے بعد بھارتی حکام کو بھاگنا پڑا

ناقص ٹرانسمیشن نظام سے بجلی صارفین پر 69 ارب کا اضافی بوجھ

جائزہ شوہدمدت کے دوران 3 بڑے کوئلے سے چلنے والے نجی گھر پورٹ قاسم، چائنا پاور اور کیل الیکٹرک انجنائی کم صلاحیت پر چلتے رہے

پیپرا رکن رفیق نے 25-2024 کی تیسری سہ ماہی کی سہ ماہی آڈٹ میں خامیوں کی نشاندہی کردی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ٹرانسمیشن نظام کی ناقص کارکردگی کے باعث نجی صارفین پر 69 ارب کے اضافی صلاحیتی ادائیگیوں کا بوجھ ڈال دیا گیا، پیپرا کے رکن رفیق احمد شیخ نے نجی گھر پورٹ قاسم، چائنا پاور، اور کیل الیکٹرک انجنائی کم صلاحیت پر چلتے رہے، پورٹ قاسم کا نقصان صرف ایک پلیمنٹ ایڈجسٹمنٹ میں 4 سہ ماہی آڈٹ میں خامیوں کی نشاندہی کردی، جائزہ شوہدمدت کے دوران، تین بڑے کوئلے سے چلنے والے XWDISCOs کی 2024-25 کی تیسری سہ ماہی کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں اپنے اضافی اپریٹی کے اضافی صلاحیتی ادائیگیوں کا بوجھ ڈال دیا گیا پیپرا کے رکن رفیق احمد شیخ نے

پاک فوج کے کامیاب آپریشن پر یوم تشکر کے حوالے سے جس میں ریلی کے شرکاء

''بنیان مرصوص'' انواع پاکستان کی دشمن کو منہ توڑ جواب دیا جمعیت اہلحدیث

قوم کو جانثار سپاہیوں پر فخر جنہوں نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا جمعیت اہلحدیث

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قائم مقام امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان، مولانا ڈاکٹر عطیہ اللہ ابوتراب نے ''بنیان مرصوص'' آپریشن کی کامیاب تکمیل پر پاک فوج کو مبارکباد پیش کی ہے انہوں نے کہا کہ انواع پاکستان نے جس جرات، حکمت اور ایمان کے ساتھ دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا وہ پوری قوم کیلئے باعث فخر ہے مولانا ..... بقیہ 57 صفحہ 7 پر

12 مئی پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے' بلوچستان بار

ہی دن چیف جسٹس افتخار چہدری کے دورہ کراچی کے موقع پر کھلی دہشتگردی کی گئی' راجہ بشیر ایڈووکیٹ

آج وکلاء تنظیموں کی جانب سے بلوچستان بھر میں یوم سیاہ منانے کا فیصلہ کیا گیا ہے' امان اللہ کاکڑ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان بار کونسل کے وائس چیئرمین راجہ خان بشیر ایڈووکیٹ چیئرمین ایڈیکیشن کمیٹی امان اللہ خان کاکڑ نے اپنے اپنے مشترکہ بیان میں 12 مئی کا دن پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے' بلوچستان بار کونسل نے اس دن کو بلوچستان بھر میں یوم سیاہ منانے کا فیصلہ کیا ہے' ..... بقیہ 58 صفحہ 7 پر

جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ اور پارلیمانی گروپ کے مشترکہ اجلاس کی صدارت صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کررہے ہیں

بھارت و اسرائیل گٹھ جوڑ مسلمانوں کو نشانہ بنا رہے ہیں' مولانا عبدالوسع

15 مئی کو ملین مارچ دنیا کیلئے پیغام کہ پاکستانی عوام اسرائیل و بھارتی جارحیت کیخلاف سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہیں صوبائی امیر جمعیت

پاکستان کی بہادر افواج نے اسرائیلی ساختہ طیارہ مار گرا کر اس کے حامیوں کو دوٹک پیغام دیا کہ پاکستان اسلامی نظریے کا قلعہ ہے' آغا محمود شاہ

ضلعی حمید یہ اداران ملین مارچ کی کامیابی کیلئے عوامی رابطہ مہم مزید تیز اور کارکنان کو متحرک کریں' انجمن عاملہ اجلاس وکنان متجزی میں ہنگامی شخصیات سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ کی تنہائت اہم اجلاس صوبائی امیر معزز سینیٹر مولانا عبدالواسع ..... بقیہ 60 صفحہ 7 پر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی زیر صدارت جماعت کے صوبائی سیکرٹریٹ، شہباز ٹاؤن کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس کا بنیادی ایجنڈا 15 مئی کو شیڈول "وقرن فی بیتکن" پاکستان و اسرائیل مردہ باد ملین مارچ "کے حوالے سے تیاریوں کا جائزہ اور اسی کے ساتھ عمل مرتب کرنا تھا اجلاس ..... بقیہ 60 صفحہ 7 پر

ایف بی آر کا عارضی بنیادوں پر آسامیاں پر کرنے کا فیصلہ

پنجاب 4، سندھ 16 انجینئر پختونخوا 9 بلوچستان سے 5 آسامیوں پر بھرتیاں ہوں گی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) انفیوژن بورڈ آف ریونیو نے عارضی بنیادوں پر ایم آئی ٹی ایس افسری کے آسامیاں پر کرنے کا فیصلہ کرلیا، 2 سال کیلئے کنٹرکٹ پر پاکستان سنگورسوں میں 81 سیٹوں پر بھرتیاں ہوں گی، مہم اڑم ٹیکس کلیکٹوریٹ سائٹس کی ڈگری کے حامل امیدوار درخواستیں جمع کرائیں گے، پنجاب 4 سندھ 16 انجینئر پختونخوا 9 و بلوچستان ..... بقیہ 76 صفحہ 7 پر

کوئٹہ آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونین بلوچستان کے زیر اہتمام ایک روزہ سیمینار کے موقعہ پر بلوچستان لیبر یونین کے صدر عبدالرحمان بلوچ، سیکرٹری جنرل محمد یاسین بلوچ، ایڈوکیٹ ذوالفقار بلوچ، عبدالصمد ندا، ایڈوکیٹ ذوالفقار بلوچ، عبدالرحمان بلوچ، عبدالرحمان بلوچ، عبدالرحمان